اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ و سلم غیر شادی شدہ پردہ نشیں عورت سے بھی زیادہ با حیا تھے چنانچہ جب کوئی ایسی چیز دیکھتے، جو ناپسند ہوتی، تو ہم اس ناپسندیدگی کو آپ کے چہرہ کی رنگت سے پہچان لیتے تھے

ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں : اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ و سلم غیر شادی شدہ پردہ نشیں عورت سے بھی زیادہ با حیا تھے چنانچہ جب کوئی ایسی چیز دیکھتے، جو ناپسند ہوتی، تو ہم اس ناپسندیدگی کو آپ کے چہرہ کی رنگت سے پہچان لیتے تھے
[صحیح] [متفق علیہ]

ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ بتا رہے ہیں کہ اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ و سلم غیر شادی شدہ لڑکی، جو مردوں کے ساتھ نہ رہی ہو اور گھر کی چاردیواری کے اندر رہتی ہو، سے بھی زیادہ باحیا تھے آپ کے حد درجہ باحیا ہونے کی ایک مثال یہ ہے کہ جب آپ کسی چیز کو ناپسند کرتے، تو کچھ بولتے نہیں تھے بس آپ کا چہرہ بدل جاتا تھا آپ کا چہرہ دیکھ کر صحابہ سمجھ جاتے تھے کہ آپ اس چیز کو ناپسند کر رہے ہیں

http://www.sunnah.global/hadeeth/ur/show/3153